نیا سال مبارک!

خداوند یسوع مسیح کے نام میں آپ سب کی سلامتی ہو

کسی بھی سال کے دسمبر اکثریت لوگوں کے لیے حوصلہ شکنی کا سبب ہوتا ہے، اپنے آپ سے مایوس، اپنی کارکردگی سے مایوس، اور اس کی بڑی وجہ شائد یہ ہو کہ جو کچھ کرنے کا عہد ہم نے کیا تھا وہ ہم کر نہیں پائے۔ جو حدف ہم نے بنائے تھے اُن کو پورا نہیں کر پائے۔ اگر آپ بھی اسی طرح کی صورت احوال میں ہیں تو یاد رکھیں آپ اس طرح کے احساسات کے ساتھ تنہا نہیں ہیں بلکہ دنیا میں بہت سے اور لوگ بھی نہیں جنہوں نے ۲۰۲۳ کے لیے کچھ ہدف بنائے تھے جن کو وہ لوگ پورا نہیں کر پائے۔ میرے دوست نے اپنا وزن کم کرنا تھا بیچارہ کم کرنے کی بجائے بڑھا کر پریشان بیٹھا ہے، ایک اور دوست کو پانچ کتابیں ختم کرنی تھیں بڑی مشکل سے دو ہی پڑھ پایا، اب اس سال وہ عہد کر رہا ہے کہ وہ دو ہی پڑھے گا۔ اب یہ دونوں صاحبان اپنے ہی اُوپر نالاں ہیں۔ ایسے حالات میں ہمارے خداوند یسوع مسیح اپنے شاگردوں سے یہ سوال ہے، کہ کیا آپ اپنے ساتھ فضل کے ساتھ پیش آ سکتے ہو؟ وہ تمثیل آپ کو یاد ہے؟ ایک شخص اپنے باغ میں ایک درخت لگاتا ہے ہر سال پھل کی تلاش میں آتا ہے اور نہیں پاتا، آخر تیسرے سال وہ باغبان سے کہتا ہے کہ تین سال سے یہ درخت بے پھل ہے اسے کاٹ ڈالو، کیونکہ یہ زمین کو بھی گھیرے ہوئے ہے۔ باغبان کہتا ہے جناب اس درخت کو اس سال بھی رہنے دیں میں اس کے گرد تھالا کھودوں گا، کھاد ڈالوں گا اور اگلے پھلدار ہوا تو بہتر ورنہ جیسا آپ نے کہا ویسا کر لیں گے تمثیل سے معلوم ہوتا ہے کہ باغ کے مالک کو اس بات پر کوئی اعتراض نہیں تھا ایک اور سال دے دیا گیا۔ اس سال چھوٹا گلہ آپ کو یہ مشورہ دیتا ہے کہ اپنے آپ کو فضل کا ایک اور سال عطا کریں۔ ہمارے اردگرد لوگ اگر اپنے اہداف کو پورا نہ کر پائیں تو بطور مسیحی ہم اُن کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں، کیا ہم نے کبھی خود کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر یا خود کو آئینہ میں دیکھ کر ایسا کہا، کوئی بات نہیں ایک سال اور سہی، ہوسکتا ہے آپ اپنے کسی رشتے کو بچانے کی کوشش کر رہے ہیں، کیا اس کوشش کو ایک سال اور دے سکتے ہیں؟ ہوسکتا ہے آپ اپنے کاروبار میں محنت کر کے اُسے بلندیوں پر لے جانے کی کوشش کر رہے ہیں، ایک سال اور اس کو دیں گے؟ آپ کا بچہ یا بچی بہت محنت کے بعد بھی آپ کی توقعات پر نہیں ہیں، کیا انہیں ایک اور سال دیں گے؟ کلیسیاہ میں بگاڑ ہے، ناچاکی ہے آپ درست کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ہو نہیں پا رہا، کیا ایک سال اور دیں گے؟ آپ ۲۰۲۳ میں بہت کچھ نہیں کر پائے، کیا اپنے آپ کو ایک سال اور دیں گے؟ اور یاد رکھیں اگر ہم اپنی خود ہی توقعات پر پورا نہیں اُتر پاتے تو اپنے مالک یسوع مسیح کی توقعات پر کیسے پورا اُتر پائیں گے، لیکن اُسکا فضل بہت بڑا ہے وہ کہتا ایک دن اور لو، ایک مہینہ اور لو، ایک سال اور لے لو، ہمت مت ہارنا، خداوند آپ کو برکت دے، اس سال خود اپنی ذات کے ساتھ پُرفضل طریقے سے چلنے کی کوشش کریں۔ دوسروں کو معاف کرنا شائد آسان ہوگا اپنے آپ کو بھی جو آپ خود اپنی ذات کے ساتھ غلط کرتے ہیں اُس کے معاف کرنا سیکھیں خداوند آپ کو برکتوں سے بھر دے گا